
Urdu

# ترینٹینو میں سکول

# والدین کی رہنمائی کیلئے معلومات




Provincia autonoma di Trento
Assessorato all'istruzione
e politiche giovanili

MILLEVOCI
Centro Interculturale

*giugno* **2006**
didascalie ***QUADERNI***

Provincia autonoma di Trento
Assessorato all'Istruzione e alle Politiche giovanili
Servizio per lo sviluppo e l'innovazione del sistema scolastico e formativo

"Millevoci" Centro Laboratorio Interculturale

Disegni di Iori Fabrizio dell'Istituto d'Arte Alessandro Vittoria – Trento

Stampa: Centro duplicazioni della PAT – giugno 2006

La presente pubblicazione è consultabile e scaricabile sul portale della scuola trentina:
www.vivoscuola.it

# سکول میں خوش آمدید

1 - کس عمر میں سکول شروع ہوتا ہے
2 - بچہ خانہ یا نیدو
3 - نرسری سکول یا کنڈر گارٹن

4 - پہلا تعلیمی مرحلہ
4.1 - پرائمری اور مڈل سکول یا ثانوی تعلیم کا پہلے درجے کا سکول
4.2 - سکول کا اوقات نامہ
4.3 - سکول میں اندراج یا داخلہ
4.4 - سکول کی کینٹین یا میس
4.5 - کیتھولک (عیسائی) مذہب کے متبادل انتخاب
4.6 - سکول سے نقل وحمل یا ٹرانسپورٹ
4.7 - پڑھائی میں کمزور بچے/بچیاں یا لڑکے/لڑکیاں
4.8 - سکول کے مضامین
4.9 - اٹالین زبان سیکھنے کیلئے
4.10 - ثقافتی مصالحت
4.11 - سکول کے نتائج
4.12 - تعلیمی مقاصد کیلئے سفر
4.13 - سکول سے غیر حاضریاں
4.14 - اساتذہ سے ملاقات

5 - سکول میں عام استعمال کے الفاظ
6 - مزید معلومات کیلئے

# سکول میں خوش آمدید

سب سے پہلے ہم آپ کو کہتے ہیں

## "سکول میں خوش آمدید"

اٹلی میں ابتدائی تعلیم تمام بچوں کا نا صرف بنیادی حق بلکہ فرضِ منصبی یا لازمی بھی ہے، جس کے لئے رنگ ونسب، ملک ووطن یا زبان کی کوئی تخصیص نہیں۔ جب بھی کوئی بچہ، بچی اٹلی میں آئے تو اُس کا نا صرف بنیادی حق بلکہ فرض بھی ہے کہ وہ سکول میں فوراً داخلہ لے، چاہے سال کا کوئی بھی مہینہ ہو۔ اِسی وجہ سے سکول میں تعلیم مفت ہے تا کہ تمام بچوں کو تعلیمی سہولتیں آسانی سے میسّر ہوں۔

سکول ایک ایسی جگہ ہے جہاں علم حاصل کرنے کیساتھ ساتھ باہمی تعلقات واحترام ملحوظ رکھنے کی تعلیم دی جاتی ہے اور جہاں مختلف ثقافتوں کی قدر ومنزلت مساوی ہے۔

اِس کتابچے کی مدد سے ہم والدین کو تریئینیو میں سکول کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرنا چاہتے ہیں اور ساتھ ہی سکول کو بھی اِس بات کی دعوت دیتے ہیں کہ وہ ایک ایسی جگہ قرار پائے جہاں پر دنیا کی مختلف ثقافتیں، رسم ورواج، تہذیب وتمدن اور علوم ترقی پانے کیساتھ ساتھ ایک دوسرے کی قدر ومنزلت کی تشخیص کر سکیں۔

1- کس عمر میں سکول شروع ہوتا ہے

### چھ سال کی عمر سے پہلے

| | |
|---|---|
| الف. بچہ خانہ یا نیدو | تین سال تک |
| ب. نرسری سکول یا کنڈر گارٹن | تین سے چھ سال تک |

### پہلا تعلیمی مرحلہ

| | |
|---|---|
| • پرائمری سکول (ایلیمینٹری سکول) | چھ سے گیارہ سال تک |
| • ثانوی تعلیم کا پہلے درجے کا سکول (مڈل سکول) | گیارہ سے چودہ سال تک |

### دوسرا تعلیمی مرحلہ

| | |
|---|---|
| • (اعلیٰ ثانوی تعلیم کا سکول)<br>• دوسرے درجے کے ثانوی سکول (گرائیمر یا آرٹس سکول اور فنی اصطلاحات کے ادارے) | چودہ سے انیس سال تک |
| یا پھر | |
| • پیشہ ورانہ صلاحیت کے تربیتی سکول | چودہ سے اٹھارہ سال تک |

## 2 - بچہ خانہ یا نیدو

بچہ خانہ یا نیدو میں ایسے نوزائیدہ بچے داخل ہو سکتے ہیں جنکی عمر تین ماہ سے تین سال تک ہو۔ نیدو میں بچوں کو داخل کروانا لازمی نہیں ہے۔

ایسے کومونے یا بلدیہ جہاں پر یہ سہولت میسّر ہو وہاں والدین اپنے بچوں کیلئے داخلہ فہرست میں نام لکھوا سکتے ہیں جو بتدریجی ہوتی ہے۔

نیدو کا ماہانہ خرچہ خاندانی آمدن کی بنیاد پر ہوتا ہے۔


بچے نیدو میں پورا دن یا پھر آدھا دن رہ سکتے ہیں۔

کھانے پینے کیلئے کینٹین یا میس کی سہولت بھی میسّر ہوتی ہے۔

ہر نیدو میں تربیتی اساتذہ موجود ہوتے ہیں جو ایک ماہرِ تعلیم کے ارتباط و تعاون سے کام کرتے ہیں۔

نیدو کی سروس میں شامل تعلیمی سرگرمیوں کے انتخاب کیلئے، والدین کی رائے کو بھی شامل کیا جاتا ہے جسکے لیئے مختلف مواقع فراہم کئے جاتے ہیں جیسا کہ:

تبادلہ خیال کی اجتماعی ملاقاتیں، فریقی معاندانہ یا علیحدگی میں ملاقاتیں، تقریب و تہوار، سیریں وغیرہ



## 3 - نرسری سکول یا کنڈر گارٹن

نرسری سکول کا عرصہ تین سال ہے۔اسمیں بچوں کا داخلہ فرضِ منصبی یعنی لازمی نہیں ہے۔

سکول کا دورانیہ 1 ستمبر سے 30 جون تک ہوتا ہے۔

عام طور پر نرسری سکول میں اُن بچوں کا داخلہ کروایا جاتا ہے جنکی عمر ماہِ جنوری میں مکمل 3 سال ہو یا پھر والدین کی درخواست پر بچوں کا داخلہ اڑھائی سال کی عمر میں بھی کروایا جاسکتا ہے۔

مزید وضاحت کیلیئے یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ:

- بچوں کی سکول میں شمولیت بتدریج ہوتی ہے۔
- داخلہ فارم والدین کی طرف سے پُر کیئے جاتے ہیں۔
- نرسری سکول ہفتے میں پانچ دن، سات گھنٹوں کیلیئے کھلا رہتا ہے۔
- وہ والدین جو ملازمت کرتے ہیں اُن کے لیے نارمل سات گھنٹوں کے علاوہ سکول کا وقت بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔ یہ ایک ایسی سہولت ہے جسکا معاوضہ داخلے کے وقت ادا کرنا ہوتا ہے، اُن گھنٹوں کے مطابق جو درکار ہوں۔سکول کا وقت بڑھانے سے مراد: صبح کا وقت یا سکول شروع ہونے سے پہلے کا وقت اور دوپہر کا وقت یا چھٹی کے بعد کا وقت، زیادہ سے زیادہ ایک دن میں 3 گھنٹے وقت بڑھایا جاسکتا ہے۔
- نرسری سکول کو منظم رکھنے کے لیئے فریق بنائے جاتے ہیں جبکہ ہر فریق کیلیئے دو اُستاد موجود ہوتے ہیں۔
- سکول میں میس یا کھانے کی سہولت بھی والدین کی مالی امداد سے میسّر ہوتی ہے۔
- معذور بچوں کیلیئے سکول میں مدد کیلیئے سپیشل استاد موجود ہوتے ہیں۔

**مزید معلومات کیلیئے اپنے کومونے یا بلدیہ کے نرسری سکول سے رابطہ کریں۔**



## 4 - پہلا تعلیمی مرحلہ


### 4.1 - پرائمری اور مڈل سکول یا ثانوی تعلیم کا پہلے درجے کا سکول

وہ بچے جنکی عمر آنے والے سال کے ماہِ فروری میں 6 سال ہو، پرائمری سکول میں داخل ہو سکتے ہیں۔ سکول کا دورانیہ 5 سال ہے اور اِسے جماعتوں میں تقسیم کیا گیا ہوتا ہے، ہر جماعت کے لیئے 3 یا 4 اساتذہ موجود ہوتے ہیں جو مختلف مضامین پڑھاتے ہیں۔

11 سال کی عمر میں مڈل سکول شروع ہوتا ہے جسکا دورانیہ 3 سال ہے۔ مڈل سکول کو بھی جماعتوں میں تقسیم کیا ہوتا ہے، ہر جماعت کیلیئے پروفیسرز ہوتے ہیں جو مخصوص مضامین پڑھاتے ہیں۔

پرائمری سکول سے مڈل سکول جانے کیلیئے پانچویں جماعت کے امتحان میں پاس ہونا ضروری ہے جبکہ آٹھویں جماعت کے آخر میں ریاستی امتحان ہوتا ہے۔

سکول میں تعلیم مفت ہے، پرائمری سکول میں نصابی کُتب سکول کی طرف سے مہیا کی جاتی ہیں جبکہ مڈل سکول میں بھی کتابیں اُدھار دی جاتی ہیں۔ کاپیاں، پنسلیں، رنگ وغیرہ والدین نے خریدنا ہوتے ہیں۔



## 4.2 - سکول کا اوقات نامہ

سکول نصف ستمبر میں شروع ہو کر نصف جون میں ختم ہوتا ہے۔ ہر سکول کا ایک ہفتہ وار اوقات کار ہوتا ہے جسے 5 دنوں میں (پیر سے لیکر جمعہ تک) یا پھر 6 دنوں میں (پیر سے لیکر ہفتہ تک) تقسیم کیا جاتا ہے، جس میں کچھ دن سہ پہریں بھی شامل ہیں جو ہر سکول میں مختلف ہوتی ہیں۔

کچھ گھنٹے اختیاری مضامین کے بھی ہوتے ہیں یعنی لازمی نہیں ہوتے، جن کے لئے والدین انتخاب کر سکتے ہیں کہ اُن کے بچے/بچی کو کیا کام کروایا جائے۔

تعلیمی سال کے دوران دو دفعہ لمبی چھٹیاں ہوتی ہیں:

- دو ہفتے کرسمس کی (عام طور پر 23 دسمبر سے لیکر 7 جنوری تک)
- ایک ہفتہ ایسٹر کے موقع پر (مارچ یا اپریل میں)

## 4.3 - سکول میں اندراج یا داخلہ

ماہِ جنوری میں پرائمری اور مڈل سکولوں کے داخلے شروع ہوتے ہیں، وہ بچے جو تعلیمی سال شروع ہونے کے بعد اٹلی میں آئیں تو آزادانہ طور پر اُن کے قیام کی اجازت سے، اُن کو سال کے کسی بھی مہینے میں داخلے کا حق حاصل ہے۔

- اندراج کے موقع پر درج ذیل کاغذات کا ہونا لازمی ہے:

الف۔ طالبعلم/طالبہ کے شناختی کاغذات (پاسپورٹ، پیدائشی سرٹیفکیٹ) یا پھر والدین/سربراہ کی طرف سے لکھا ہوا سرٹیفکیٹ

ب۔ اپنے ملک میں حاصل کی ہوئی تعلیم کا سرٹیفکیٹ یا پھر والدین/سربراہ کی طرف سے تحریری سرٹیفکیٹ، جسمیں طالبعلم کی جماعت اور جس قسم کی ادارے میں تعلیم حاصل کی ہو کے متعلق لکھا ہو۔

ج۔ ویکسین ٹیکوں کا سرٹیفکیٹ جو قانونی طور پر لازمی ہیں:

- پولیو
- تشنج
- ہیپاٹائیٹس بی

وہ طالبعلم جن کے پاس حفاظتی ٹیکوں کا سرٹیفکیٹ موجود نہیں ہوگا اُن کا بھی سکول میں اندراج کیا جائے گا، لیکن والدین کو اپنے بچے/بچی کے ساتھ صحت وصفائی کے ادارے (ASL) کے ویکسین آفس میں جانا ہوگا جہاں پر اِس بات کی تصدیق کی جائے گی کہ حفاظتی ٹیکے لگے ہوئے ہیں یا نہیں۔

- اندراج کے وقت درج ذیل جُزو بھی پُر کیے جاتے ہیں:

الف) سکول کے اوقات کار کا انتخاب

ب) سکول کی کینٹین یا میس میں اندراج

ج) کیتھولک مذہب کی تعلیم کے متعلق انتخاب



## 4.4 - سکول کی کینٹین یا میس

تقریباً تمام سکولوں میں سہ پہر کے وقت بھی پڑھائی ہوتی ہے جسکی وجہ سے سکول میں میس کی سہولت بھی میسّر ہوتی ہے۔ میس میں اندراج، سکول کی طرف سے مہیا کیے گئے داخلہ فارم کو پُر کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ سکول کے میس کا استعمال لازمی نہیں ہے۔ صحت یا مذہبی وجوہات کی بناء پر خاص قسم کے مینو کا بھی انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

میس کے اخراجات میں کمی کیلیئے، سوشل سروسز کے علاقائی مخصوص دفاتروں کی مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔


مزید معلومات کے لئے سکول کے معتمد یا سیکرٹری آفس سے رابطہ کرنا مفید ہے۔

## 4.5 - کیتھولک مذہب کے متبادل انتخاب

پرائمری سکول میں ہفتے میں 2 گھنٹے، جبکہ مڈل سکول میں ہفتے میں 1 گھنٹہ کیتھولک مذہب کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اندراج کے وقت والدین اس بات کا انتخاب کرتے ہیں کہ اُن کا بچہ/بچی کیتھولک مذہب کی تعلیم حاصل کرے گا/گی یا نہیں۔

جو بچے مذہبی تعلیم حاصل نہیں کرنا چاہتے ان کے والدین درج ذیل متبادل سرگرمیوں کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- تعلیمی اور تربیتی سرگرمیاں
- اساتذہ کی زیرِ نگرانی پڑھائی اور ریسرچ وغیرہ
- اساتذہ کی مدد کے بغیر، اپنی مدد آپ کے تحت پڑھائی اور ریسرچ وغیرہ



## 4.6 - سکول سے نقل وحمل یا ٹرانسپورٹ

اگر رہائش سکول سے 1 کلومیٹر سے زیادہ فاصلے پر ہو تو، سکول کیلئے ٹرانسپورٹ سروس استعمال کی جا سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے ہمیشہ سکول کے معتمد یا سیکرٹری آفس سے رابطہ کرنا مفید ہے۔


## 4.7 - پڑھائی میں کمزور بچے/بچیاں یا لڑکے/لڑکیاں

اٹلی میں قانونی طور پر لازم ہے کہ تمام بچے، آزادانہ طور پر کسی بھی قسم کی معذوری چاہے وہ ذہنی ہو یا جسمانی سکول آسکتے ہیں۔ یہ سکول کا فرض ہے کہ وہ بچے کیلئے ایسے تربیتی اساتذہ کا انتظام کرے جو اُسکی پڑھائی میں کسی بھی قسم کی کمزوری کو دور کرنے میں مدد کر سکیں اور بچہ ٹھیک طریقے سے سکول میں شامل ہو سکے۔ یہ بات بھی ضروری ہے کہ والدین تعلیمی سال شروع ہونے سے پہلے ہی سکول کو بچے کی اصل تعلیمی حالت سے آگاہ کریں۔

## 4.8 - سکول کے مضامین

پہلے تعلیمی مرحلے میں درج ذیل مضامین پڑھے جاتے ہیں:

| پرائمری سکول | مڈل سکول |
|---|---|
| 1 - اٹالین زبان | 1 - اٹالین زبان |
| 2 - جرمن یا انگریزی زبان | 2 - جرمن زبان |
| 3 - انگریزی یا جرمن زبان<br>(تیسری جماعت سے ہر سکول کے حُصُول کے مطابق) | 3 - انگریزی زبان<br>(بعض سکولوں میں فرنچ زبان) |
| 4 - تاریخ | 4 - تاریخ |
| 5 - جغرافیہ | ۵ - جغرافیہ |
| 6 - ریاضی | 6 - ریاضی |
| 7 - سائنس | 7 - سائنس |
| 8 - ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس | 8 - ٹیکنالوجی |
| 9 - میوزک | 9 - کمپیوٹر سائنس |
| 10 - آرٹ اور تصویریں | 10 - میوزک |
| 11 - فزیکل ایجوکیشن اور سپورٹس | 11 - آرٹ اور تصویریں |
| 12 - اختیاری سرگرمیاں | 12 - فزیکل ایجوکیشن اور سپورٹس |
|  | 13 - اختیاری سرگرمیاں |



## 4.9 - اٹالین زبان سیکھنے کیلئے

طلباوطالبات کی پڑھائی میں کامیابی کیلئے بہت ضروری ہے کہ وہ اٹالین زبان کو عبوری طریقے سے سیکھیں۔اس مقصد کیلئے سکول مختلف کورسز کا اہتمام کرتا ہے جو ایسے طالبعلموں کیلئے ہوتے ہیں جنہیں زبان ابتدائی طور پر سیکھنے یا پڑھائی کیلئے مکمل طور پر سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہر ایک سکول کا اپنا طریقہ اور پروگرام ہوتا ہے، جس کے تحت اساتذہ بچوں کی سہولت وضرورت کے مطابق کام کرتے ہیں۔مزید معلومات کیلئے جماعت کے اساتذہ سے رجوع کریں۔

## 4.10 - ثقافتی مصالحت

سکول ثقافتی ثالث یا میدیاتورے کے اشتراک سے مختلف منصوبوں پر کام کرتا ہے، جنکے مقاصد درج ذیل ہو سکتے ہیں:

الف - بوقتِ ضرورت سکول اور والدین کے مابین رابطے کو آسان بنانا؛

ب - اٹلی کے نظامِ تدریس اور طالب علم/طالبہ جس ملک سے آیا/آئی ہو وہاں کے نظامِ سکول کے مابین موازنہ میں مدد کرنا؛

ج - بچے کی جو تعلیمی استعداد اسکی اپنی قومی زبان میں ہو، کا پتہ چلانا؛

د - جس جماعت میں بچے کو شامل کیا جائے وہاں مختلف ثقافتوں کے مابین تعلقات کو بہتر بنانے میں مدد کرنا؛

ہ - مادری زبان کو مقوی واستوار کرنے کیساتھ ساتھ اسکی تعلیم کے منصوبہ پر کام کرنا۔

## 4.11 - سکول کے نتائج




ہر تعلیمی سال ایسے حصّوں میں بٹا ہوتا ہے جو سہ ماہی یا چہار ماہی ہو سکتے ہیں۔

ہر مخصوص عرصے کے بعد والدین کو بچے کی تعلیمی استعداد کے بارے میں پراگریس رپورٹ دی جاتی ہے۔بچے کی پراگریس رپورٹ یا پاجیلا کی حیثیت سرٹیفکیٹ جیسی ہوتی ہے، اسمیں تمام مضامین کے نتائج اور طالبعلم کی استعداد ورویے کے متعلق رائے لکھی جاتی ہے جو درج ذیل درجہ بندی کے ذریعے ہوسکتی ہے:

- کافی نہیں ہے
- کافی ہے
- اچھا
- بہت اچھا
- بہت اعلیٰ

آٹھویں جماعت کے آخر میں ہونے والے ریاستی امتحان میں، سال کے دوران پڑھے ہوئے تمام مضامین کا ٹیسٹ شامل ہوتا ہے جو درج ذیل ہیں:

- اٹالین زبان کا تحریری امتحان؛
- پڑھائی گئی دو غیر ملکی زبانوں کا تحریری امتحان؛
- ریاضی کا تحریری امتحان؛
- پڑھائے گئے تمام ضبط و انضباط/مضامین کے متعلق زبانی امتحان۔

## 4.12 - تعلیمی مقاصد کیلئے سفر

ہر سال سکول ایسی سیروں کا اہتمام کرتا ہے جن کا مقصد نا صرف تعلیمی و تربیتی لحاظ سے ہوتا ہے بلکہ بچوں کو براہِ راست شناسائی کا بھی موقع ملتا ہے۔ سیروں کے لئے مختلف جگہوں کا انتخاب کیا جاتا ہے جیسے آثارِ قدیمہ، قدرتی ماحول، اہم تعمیرات وغیرہ۔ ان سیروں کا دورانیہ انتخاب کی گئی جگہوں کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ بچوں کو ایسی سیروں پر بھیجنا لازمی نہیں، مگر بہت ضروری سمجھا جاتا ہے۔ ان سیروں کے اخراجات کیلئے والدین کی مالی امداد لی جاتی ہے جو ضرورت مند خاندانوں کے لئے کم یا پھر مکمل طور پر معاف کر دی جاتی ہے۔ مطالبے کے لئے اساتذہ یا سکول کے معتمد/سیکرٹری آفس سے رابطہ کریں۔

## 4.13 - سکول سے غیر حاضریاں

والدین کی طرف سے، سکول سے کی گئی تمام غیر حاضریوں کا تحریری جواز پیش کرنا لازمی ہے۔ جب طالبعلم سکول دیر سے آئے یا چھٹی سے پہلے ہی چلا جائے تو اِس صورت میں بھی والدین کی طرف سے تحریری جواز یا تقاضا پیش کرنا لازمی ہے۔

## 4.14 - اساتذہ سے ملاقات

اساتذہ عام طور پر تعلیمی سال کے شروع (اکتوبر) میں تمام والدین سے ایک اجتماعی ملاقات کرتے ہیں، جس میں کلاس کا پروگرام، بچوں کی مشکلات اور ان کی پراگریس رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ اسی موقع پر والدین اپنے نمائندوں کا بھی انتخاب کرتے ہیں۔ ملاقات کے یہ مواقع بہت اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ اس طرح والدین اور اساتذہ بچوں کی تربیت کیلئے مل جل کر کام کر سکتے ہیں۔

والدین سے فریقی معاندانہ ملاقاتیں بھی کی جاتی ہیں، جنکے دوران اساتذہ اور والدین کے مابین بچو نکے متعلق معلومات کا تبادلہ خیال ہوتا ہے۔ اساتذہ کی طرف سے والدین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ کس دن ملاقات کر سکتے ہیں جبکہ والدین بھی بوقتِ ضرورت اساتذہ سے ملاقات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## 5 - سکول میں عام استعمال کے الفاظ

1. Ammissione(promozione) : پاس ہونا، اس صورت میں طالب علم/طالبہ کو اگلی جماعت میں ترقی دی جاتی ہے۔

Non-ammissione(bocciatura): فیل ہونا، اس صورت میں طالب علم/طالبہ کو اسی جماعت میں رکھا جاتا ہے جب وہ کم از کم تعلیمی مقاصد کو حاصل نہ کر سکا/سکی ہو۔

2. Attività facoltative: اختیاری مضامین یا وہ سرگرمیاں جو لازمی نہ ہوں اور سکول کی طرف سے تعلیمی سہولتوں میں شامل ہوں۔

3. Bidello/a : سکول کارکی چوکیدار یا محافظ جس کا کام سکول کو صاف اور منظم رکھنا ہے۔

4. Collegio docenti: تعلیمی ادارے کے تمام اساتذہ یا پروفیسرز۔

5. Curricolo/curricolare: درسی نصاب کا پروگرام۔

6. Dirigente scolastico: صدر مدرسہ/منتظمِ سکول یا پرنسپل۔

7. Discipline: ضبط وانضباط یا سکول کے درسی مضامین۔

8. Insegnanti o docenti: اساتذہ یا پروفیسرز۔

9. Iscrizione : اندراج یا سکول میں داخلہ جو عمر کے لحاظ سے ہوتا ہے۔

10. Istituto Comprensivo Scolastico: جامع مدرسہ، جس میں ایک ہی منتظمِ سکول یا پرنسپل کی زیرِ نگرانی، زیادہ سکول شامل ہوں۔

11. Mensa : سکول کی کینٹین یا میس، اس سہولت کے تحت جب سکول سہ پہر کو بھی کھلا رہے تو طالب علم دوپہر کا کھانا سکول ہی میں کھا سکتے ہیں۔

12. Moduli: چھپے ہوئے فارم جن کو پُر کرنے کے بعد دستخط کئے جاتے ہیں۔

13. Personale di segreteria: معتمد دفتر کے ملازمین جو سکول کے نظم وضبط کیلئے مخصوص کم سرانجام دیتے ہیں۔

14. Quadrimestre : ہر تعلیمی سال میں دو چہار ماہی حصّے ہوتے ہیں جنکے آخر میں نتیجہ لکھا جاتا ہے۔

15. Rappresentante di classe: والدین کی کلاس میں نمائندگی کیلئے ہر تعلیمی سال کے شروع میں ایک نمائندہ چُنا جاتا ہے۔

16. Ricreazione : دورانِ صبح تفریح یا اسنیک بریک۔

17. Segreteria Scolastica: سکول کا معتمد دفتر/سیکرٹری آفس جہاں اندراج یا داخلے کے علاوہ، تمام مفید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

18. Scheda di valutazione: طالب علم/طالبہ کی تعلیمی کارکردگی/پراگریس رپورٹ جو چہار ماہی اور سالانہ ہوتی ہے۔

19. Trimestre: ہر تعلیمی سال سہ ماہی یا پھر چہار ماہی حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

20. Valutazione: طالب علم/طالبہ کی تعلیمی استعداد اور اسکے ذاتی رویے کے متعلق اساتذہ کی رائے کا کارڈ جس پر والدین ہر چہار ماہی (سہ ماہی) نتیجے کے موقع پر دیکھنے کے بعد، دستخط کرتے ہیں جبکہ سالانہ نتیجے کے بعد یہ کارڈ والدین کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔

## 6- مزید معلومات کیلئے

مزید معلومات کیلئے درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں:


☆ *Centro Interculturale Millevoci*

*Via S. Pio X, 103*

*38100 Trento*

*Tel. 0461 920955*

*Fax. 0461 930529*

*E-mail: millevoci@provincia.tn.it*

*www.vivoscuola.it/intercultura/*



*Traduzione Urdu: Mediatrice Interculturale*

*AKHTAR SHAGUFTA*


Inserire i dati della scuola: